© rasailojaraid.com

کتاب : احکام الاسلام ضخامت : ۱۵۷ صفحات

تصانیف : حضرت مولانا علامہ محمد ایوب الہاشمی قدس سرہ قیمت : درج نہیں۔

ملنے کا پتہ : دار العلوم عربیہ اسلامیہ دھمتوڑ۔ ایبٹ آباد

---

احکام اسلام حضرت مولانا ایوب الہاشمی کی دوسری تصنیف ہے جس میں آپ نے نماز' روزہ' حج' زکوۃ صدقات جیسے ارکان اسلام کے متعلق احکام اور مسائل ذکر کئے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اعتقادات اور ایمانیات کے بارے میں بھی مختصر مباحث آئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں مسائل میراث کو خاص اہمیت دے کر اس پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ تعلموا الفرائض فانہا نصف العلم کے فرمان کے مطابق اس علم کو وہ مقام نہیں دیا گیا جس کا یہ متقاضی ہے۔ فاضل مصنفؒ نے اس علم کے اساسی قواعد بھی ذکر کئے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بطور تمرین مسئلوں کی وضاحت مثالوں سے کی گئی ہے جس سے سمجھنے میں کافی آسانی ہو جاتی ہے۔ امید ہے کہ نہ صرف اردو دان طبقہ اس سے استفادہ حاصل کریگا بلکہ طلباؔ و علماء بھی اس سے حظ وافر حاصل کر سکتے ہیں۔

---

کتاب : نبیؐ و صدیق مولف : وکیل صحابہ مولانا سید نور الحسن شاہ صاحب بخاری نور اللہ مرقدہ

ضخامت : ۲۵۶ صفحات قیمت : ۱۰۰ روپے

ملنے کا پتہ : مکتبہ محمودیہ گلی نمبر ۷ شیراز پارک فیصل آباد

---

عظمت مقام صدیق اکبرؓ خلیفہ اول' یار غار رسالت مآب ﷺ پر اللہ کی آخری کتاب قرآن پاک گواہ اور شاہد عدل ہے جس میں آپکے شرف صحابیت کی تصریح ہے۔ اذھما فی الغار اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا۔ اس میں آپکو صاحب رسولؐ کے عظیم الشان منصب و مرتبہ سے نوازا گیا اسی وجہ سے آپؓ کی صحابیت کا انکار کفر ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں وکیل صحابہ امام اہل السنۃ حضرت مولانا سید نور الحسن بخاری قدس سرہ نے نبوت و صداقت کے مابین جو مماثلت اور جو گہرا تعلق تھا اس کو انتہائی پیارے اور دلربا انداز میں بیان کیا ہے جس کے ہر ہر سطر سے عشق و محبت اور عقیدت و وارفتگی کی خوشبو آتی ہے۔

بلاشبہ یہ کتاب اپنے موضوع پر نہ صرف تاریخی دستاویز محققانہ کاوش اور بہترین کتاب ہے بلکہ اس لائق ہے کہ اس کو اپنی لائبریری کی زینت بنائی جائے۔

© rasailojaraid.com